الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ2جولائی 2022

آج 2 جولائی 2022 کو بلوچستان کے 8 اضلاع دکی، قلعہ عبداللہ، زیارت، لورلائی، پنجگور، سبی، نوشکی، کیچ کے 13 وارڈز میں قائم 15 پولنگ اسٹیشن میں ری پولنگ ہوئی۔ مزکوہ بالا اضلاع میں 29 مئی 2022 کو بلوچستان میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں ناخوشگوار واقعات پیش آئے تھے جن کی وجہ سے ان پولنگ اسٹیشنز پر پولنگ روک دی گئی تھی اور آج ان پولنگ اسٹیشنز پر پر امن ماحول میں ری پولنگ ہوئی۔چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ نے بلوچستان کے 8 اضلاع کے 13 وارڈز میں قائم کردہ 15 پولنگ اسٹیشنز میں بلدیاتی انتخابات کی ری پولنگ کے کامیاب انعقاد پر چیف سیکریٹری بلوچستان اور انکی متعلقہ ٹیم، آئی جی بلوچستان پولیس، سیکریٹری لوکل گورنمنٹ بلوچستان، صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان اور انکی ٹیم اور الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکریٹریٹ کے متعلقہ عملے کو ری پولنگ احسن طریقے سے منعقد کروانے پر ان کا شکریہ ادا کیا ۔ انہوں نے صوبائی حکومت بلوچستان ، قانون نافذ کرنے والے اداروں بلوچستان پولیس،بلوچستان کانسٹیبلری، بلوچستان لیویز کا شکریہ ادا کیا ۔ چیف الیکشن کمشنر نے انتخابات کی ری پولنگ کے کامیاب انعقاد کو جمہوریت کے لئے نیک شگون قرار دیا ہے۔